علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ اُردو)

وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذهن نشین کر لیں که

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: بیان و بدیع و عروض (9014) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1- تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6- آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 5)

سوال نمبر 1 فصاحت اور بلاغت کی جامع تعریف کرتے ہوئے ان کی اہمیت پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2 دلالت سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہم اقسام کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر 3 تشبیہ اور استعارے میں کیا بنیادی فرق ہے؟ مثالیں دے کر وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 مجازِ مرسل سے کیا مراد ہے؟ اس کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 صنعتِ تجنیس کی تعریف کریں، مثالوں کی مدد سے تجنیس کی مختلف اقسام کی نشان دہی کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 عروض کی وجۂ تسمیہ کے بارے میں مختلف روایات ملتی ہیں، آپ کے نزدیک کون سی روایت زیادہ معتبر ہے؟ (20)

سوال نمبر 2 اصولِ سہ گانہ سے کیا مراد ہے؟ مثالیں دے کر سبب، وتد اور فاصلے کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 زحافات سے کیا مراد ہے؟ چند اہم زحافات کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر 4 تقطیع میں کن حرفوں کا سقوط جائز ہے؟ مثالیں دے کر وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 بحرِ متدارک مثمن سالم کا تعارف کرائیں اور اس بحر میں لکھے گئے تین اشعار کی تقطیع کریں۔ (20)